یہ آپ کے حقوق ہیں

'نیو یارک اسٹیٹ سیکسوئل ازالٹ وکٹم بل آف رائٹس' آپ کے حقوق کے بارے میں عمومی معلومات کی فہرست ہے۔ یہ کاپی آپ کے پاس رہے گی۔ اگر آپ چاہیں تو کسی بھی جانچ یا انٹرویو سے پہلے تمام معلومات آپ کو مزید تفصیل سے بتائی جا سکتی ہیں۔

آپ کے بنیادی حقوق

- بعض خصوصیات، جیسے کہ نسل، قومی اصلیت، مذہب، جنسی رجحان، معذوری، عمر، ادائیگی کا ذریعہ، جنس، صنفی شناخت، یا صنفی اظہار کی بنیاد پر آپ کے ساتھ مختلف برتاؤ نہیں کیا جا سکتا۔
- آپ کی ترک وطن کی حیثیت یا قومی اصلیت آپ کی ہنگامی نگہداشت یا خدمات کو متاثر نہیں کر سکتی۔ اگر آپ کے لیے انگریزی سمجھنا یا بولنا مشکل ہو تو آپ مترجم فراہم کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔
- 17 سال سے کم عمر کے بچوں کو کچھ ایسے حقوق حاصل ہیں جن کی بنیاد پر وہ والدین یا قانونی سرپرست کے بغیر اپنے فیصلے خود کر سکتے ہیں۔

ہسپتال میں آپ کے حقوق

- آپ جانچ کے دوران مقامی عصمت دری کے بحران کے پروگرام کے وکیل کو اپنے ساتھ رکھ سکتے ہیں۔
- شواہد اکٹھا کرنے اور جنسی حملے سے متعلق مخصوص طبی نگہداشت فراہم کرنے کے لیے آپ ہسپتال کے کسی بھی ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ میں جانچ کرا سکتے ہیں، جو کہ آپ کے لیے بلا معاوضہ ہے۔ اگر آپ کے پاس صحت بیمہ نہیں ہے، یا آپ اپنا صحت بیمہ استعمال کرنے سے انکار کرتے ہیں، تو آپ ہسپتال سے Office of Victim Services (آفس آف وکٹم سروسز) کو بل دینے کا کہہ سکتے ہیں۔
- آپ حمل اور جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشن (STIs، جسے STDs بھی کہتے ہیں) کو روکنے کے لیے مفت دوا لے سکتے ہیں۔ HIV سے بچاؤ کے لیے ہسپتال میں 7 دن کی ادویات کا پیک شروع کیا جا سکتا ہے۔
- آپ کو مناسب فالو اپ طبی نگہداشت کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں گی۔

جو کچھ ہوا اس کی اطلاع دینا

- آپ پولیس کو اطلاع دینے یا نہ دینے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔
- آپ انٹرویو کے دوران پولیس یا پراسیکیوٹر کے ساتھ مقامی عصمت دری کے بحران کے پروگرام کا وکیل رکھنے یا نہ رکھنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔
- آپ کو آپ کے کیس کو دیکھنے والے پولیس یا پراسیکیوٹر کے رابطے کی معلومات دی جائیں گی۔
- آپ فوجداری تفتیش یا قانونی کارروائی کے بارے میں معلومات کے لیے پولیس یا پراسیکیوٹر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ پولیس یا پراسیکیوٹر آپ کو آپ کے کیس سے متعلق کسی قانونی کارروائی سے آگاہ کرے گا۔
- اگر آپ پولیس کو اطلاع دینے کا انتخاب کرتے ہیں، تو 100 دنوں کے اندر آپ کے ثبوت کی جانچ کی جائے گی۔ آپ DNA میچ کی معلومات کے لیے پولیس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ پولیس کو اطلاع نہ دینے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ کے شواہد کو 20 سال تک محفوظ رکھا جائے گا، یا تب تک جب تک کہ آپ اسے تلف کرنے کا فیصلہ نہیں کر لیتے۔ اسٹوریج کی مدت ختم ہونے سے پہلے اور اگر آپ کے شواہد کو منتقل کیا جاتا ہے تو آپ کو اس کی اطلاع دی جائے گی۔

مزید مدد کیسے حاصل کی جائے

پولیس ایجنسی: ____________________

رابطہ کا نام: ____________________

فون نمبر: ____________________

ای میل: ____________________

پراسیکیوٹنگ ایجنسی: ____________________

رابطہ کا نام: ____________________

فون نمبر: ____________________

ای میل: ____________________

اگر پولیس یا پراسیکیوٹر کے رابطہ کی معلومات نامعلوم ہے، تو براہ کرم کال کریں:

- اگر جرم نیو یارک سٹی میں ہوا ہے تو: **646-610-7273** پر نیو یارک پولیس ڈپارٹمنٹ اسپیشل وکٹم ڈویژن کو۔
- اگر جرم اسٹیٹ میں کہیں اور ہوا ہے تو: **1-844-845-7269** پر نیو یارک سٹیٹ پولیس سیکسوئل ازالٹ کی ہاٹ لائن کو۔

ایڈووکیٹ ایجنسی: ____________________

رابطہ کا نام: ____________________

فون نمبر: ____________________

ای میل: ____________________

اگر عصمت دری کے بحران یا متاثرہ امدادی ایجنسی کے رابطہ کی معلومات نامعلوم ہے، تو براہ کرم کال کریں:

- **1-800-942-6906** پر نیو یارک اسٹیٹ ہاٹ لائن فار سیکسوئل ازالٹ اینڈ ڈومیسٹک وائلینس کو۔

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم **www.ovs.ny.gov or www.health.ny.gov/prevention/sexual_violence/** ملاحظہ کریں

NEW YORK STATE | Department of Health